میڈیا آفس

حزب التحرير

ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحرير HIZB UT TAHRIR

پیر، 18ربیع الاول، 1440ھ | 26/11/2018 | نمبر: 1440/13

ہندو ریاست کشمیر کے مسلمانوں کو اندھا اور شہید کر رہی ہے مگر باجوہ-عمران حکومت ہندو ریاست کے ساتھ دوستی کی پینگیں بڑھا رہی ہے

2009 سے مقبوضہ کشمیر کے مسلمان قابض ہندو افواج کے ہاتھوں بدترین مظالم کا سامنا کرتے ہوئے پیلٹ گن کی گولیوں کی وجہ سے آنکھوں کی روشنی سے محروم اور شہید ہو رہے ہیں، لیکن اس کے باوجود باجوہ-عمران حکومت بھارت کو دوستی کی پیشکش کر رہی ہے۔ایک طرف مسلمان اپنے شہداء کو قبر کی مٹی کے حوالے کر رہے ہیں، جن میں ایک پندرہ سال کا نوجوان بھی شامل ہے، مگر دوسری طرف باجوہ-عمران حکومت 29 نومبر 2018 کو چار کلو میٹر طویل سڑک کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے لیے بھارت کی جانب سے 2 جونیئر وزراء کو بھیجنے پر خوشی کا اظہار کر رہی ہے۔ یہ سڑک بھارت کے ضلع گورداسپور میں موجود ڈیرہ بابا نانک کو پاکستان میں گردوارہ کرتار پور صاحب سے منسلک کرے گی۔ بھارت اپنے کلبھوشن یادیو نیٹ ورک کو پاکستان بھر میں بدامنی کی آگ لگانے، تباہی و بربادی پھیلانے اور عدم استحکام پیدا کرنے کے لیے استعمال کر رہا ہے، لیکن باجوہ-عمران حکومت آنکھیں بند کر کے صرف اس لیے بھارت سے دوستی، اتحاد اور نارملائزیشن کے قیام کے لیے بنیادیں ڈال رہی ہے کہ یہ امریکا کا مطالبہ ہے۔ مسلمانوں کی صورتحال اس قدر بدترین ہے کہ ان کے حکمران ان کے دشمنوں کو اپنا دوست بنانے کے لیے دن رات ایک کر رہے ہیں لیکن مظلوموں کی حمایت میں انگلی تک ہلانے کے روادار نہیں، جبکہ ان کے پاس ایک زبردست اور بہادر فوج ہے جس کے سپاہی اور افسران اللہ سبحانہ وتعالی کی خوشنودی کے لیے شہید ہونے سے بالکل بھی نہیں ہچکچاتے۔

اے پاکستان کے مسلمانو! اللہ سبحانہ وتعالی نے فرمایا:

إِنَّمَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ قَاتَلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَأَخْرَجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ وَظَاهَرُوا عَلَىٰ إِخْرَاجِكُمْ أَن تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَن يَتَوَلَّهُمْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ

"اللہ اُن لوگوں کے ساتھ تم کو دوستی کرنے سے منع کرتا ہے جنہوں نے تم سے دین کے بارے میں لڑائی کی اور تم کو تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہارے نکالنے میں اوروں کی مدد کی۔ تو جو لوگ ایسوں سے دوستی کریں گے وہی ظالم ہیں" (الممتحنۃ:9)۔

اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مَا مِنِ امْرِئٍ يَخْذُلُ امْرَأً مُسْلِمًا فِي مَوْضِعٍ تُنْتَهَكُ فِيهِ حُرْمَتُهُ وَيُنْتَقَصُ فِيهِ مِنْ عِرْضِهِ إِلاَّ خَذَلَهُ اللَّهُ فِي مَوْطِنٍ يُحِبُّ فِيهِ نُصْرَتَهُ وَمَا مِنِ امْرِئٍ يَنْصُرُ مُسْلِمًا فِي مَوْضِعٍ يُنْتَقَصُ فِيهِ مِنْ عِرْضِهِ وَيُنْتَهَكُ فِيهِ مِنْ حُرْمَتِهِ إِلاَّ نَصَرَهُ اللَّهُ فِي مَوْطِنٍ يُحِبُّ نُصْرَتَهُ

"جو کسی مسلمان کو کسی ایسی جگہ بے یارو مددگار چھوڑ دے گا، جہاں اس کی بے عزتی کی جائے، اس کی حرمت پامال کی جائے تو اللہ اسے ایسی جگہ بے یارو مددگار چھوڑ دے گا، جہاں وہ اس کی مدد چاہے گا، اور جو کسی مسلمان کی ایسی جگہ میں مدد کرے گا جہاں اس کی عزت میں کمی آرہی ہو اور اس کی حرمت پامال کی جارہی ہو تو اللہ اس کی ایسی جگہ پر مدد کرے گا، جہاں پر اس کو اللہ کی مدد محبوب ہوگی" (ابوداود)۔

ہم پر لازم ہے کہ ہم حکومت کی جانب سے بھارتی وزراء کو دورے کی دعوت دینے کی مذمت کریں، بھارتی ہائی کمیشن کی بندش اور بھارت کے خلاف جنگی حکمت عملی پر مبنی پالیسی اختیار کرنے کا مطالبہ کریں کیونکہ وہ ایک کھلا دشمن ہے۔ اور ہم پر لازم ہے کہ نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کی جدوجہد کریں تاکہ مقبوضہ کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کو سیاسی و فوجی حمایت فراہم کی جاسکے۔ خلافت کے قیام کے بعد ہی ہمیں ایسے حکمران ملیں گے جو استعمار کے احکامات ماننے والے نہیں بلکہ اللہ سبحانہ وتعالی اور اس کے رسول ﷺ کے احکامات پر عمل کرنے والے ہوں گے۔ خلافت کے قیام کے بعد ہی یہ عظیم امت اپنے بے پناہ وسائل کے ساتھ خلیفہ راشد کی قیادت میں یکجا ہوگی اور ایک ایسی قوت میں تبدیل ہو جائے گی کہ اس کے دشمن اس کے نام سے ہی خوف کھانے لگیں گے۔ اللہ سبحانہ وتعالی نے فرمایا:

فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَن يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ"

تو تم ہمت نہ ہارو اور (دشمنوں کو) صلح کی طرف نہ بلاؤ۔ اور تم تو غالب ہو۔ اور اللہ تمہارے ساتھ ہے وہ ہرگز تمہارے اعمال کو کم (اور گم) نہیں کرے گا" (محمد:35)۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحرير کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com http://HizbPK.page.tl یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK

ای میل: HTmediaPAK@gmail.com فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK

ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK

حزب التحرير آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org

ویب پیج آفس حزب التحرير میڈیا: http://www.hizb-ut-tahrir.info